© rasailojaraid.com

فلسفیانہ زندگی کے تیسرے دور میں لکھی تھی جبکہ اس کے خیالات میں نسبتہً زیادہ پختگی اور خود اعتمادی پیدا ہوگئی تھی، لیکن یہ کتاب بھی تناقض وتضادِ افکار سے خالی نہیں ہے۔ چنانچہ ایک طرف تو وہ ڈارون کے نظریہ پر اضافہ کرتے ہوئے اس بات کا قائل ہے کہ "انسان کو اپنے سے بڑھکر ایک جنس فوق البشر پیدا کرنی چاہیے مگر دوسری جانب وہ عالم میں تناسخ مسلسل بھی مانتا ہے۔ ظاہر ہے ان دونوں نظریوں کے قائل ہونے کا حاصل تو یہی ہوا کہ انسان آگے بھی بڑھ رہا ہے اور پیچھے بھی ہٹ رہا ہے۔ تاہم نیٹشے نے مختلف چیزوں کی نسبت اپنے جو خاص خاص نظریات وافکار پیش کئے ہیں وہ دلچسپی سے خالی نہیں۔ مثلاً عورت کو وہ دنیا کی ایک ایسی چیتان بتاتا ہے جس کا واحد حل حمل ہے۔ جمہوریت اس کے نزدیک قوم کے تنزل کی نشانی ہے تعلیم کی عام اشاعت اس کے خیال میں بدترین قومی گناہ ہے "سب کے لئے یکساں حقوق" کا نعرہ اس کے فلسفہ میں سب سے زیادہ حماقت آمیز نعرہ ہے۔ اس کتاب کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نیٹشے نے اپنے فلسفیانہ افکار وآرا کو نہایت پرجوش شاعرانہ انداز میں بیان کیا ہے جس کی وجہ سے پڑھنے والے کی دلچسپی اخیر تک قائم رہتی ہے شروع کتاب میں فاضل مترجم کے قلم سے نیٹشے کے حالاتِ زندگی اور اس کے فلسفہ پر ۵۲ صفحات کا ایک فاضلانہ مقدمہ بھی شامل ہے۔

فن شاعری ترجمہ جناب عزیز احمد صاحب استاذ انگریزی جامعۂ عثمانیہ تقطیع $\frac{22 \times 18}{8}$ ضخامت ۱۷۱ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر قیمت عہ پتہ: انجمن ترقی اردو (ھند) دہلی۔

ارسطو کی کتاب بوطیقا دنیا بھر میں نہ سہی کم از کم یورپ میں ادبی تنقید پر پہلی کتاب ہے جس کی عالمگیر مقبولیت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ یورپ کی تمام زبانوں میں اس کے ترجمے ہوئے صحائفِ آسمانی کی طرح اس کے ایک ایک لفظ کی شرح لکھی گئی اور اس کے مضامین پر غور وخوض کر کے دادِ تحقیق دی گئی۔ ارسطو نے اس کتاب میں شاعری پر ایک عام اور بالموازنہ نظر۔ شاعری کے اقسام۔ ٹریجڈی۔ رزمیہ شاعری نقادوں کے اعتراض اور ان کے جواب دینے کے اصول۔ ٹریجڈی رزمیہ شاعری سے افضل ہے۔ یہ تمام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مباحث بڑی جامعیت اور عمق نظر کے ساتھ بیان کئے ہیں۔ عزیز احمد صاحب نے اس کتاب کو اردو میں منتقل کیا ہے۔ ترجمہ سلیس اور رواں ہے، شروع میں لایق مترجم کے قلم سے ۳۲ صفحات کا ایک فاضلانہ مقدمہ ہے جس میں شاعری سے متعلق افلاطون، سقراط اور ارسطو کے نقطہائے نظر کی وضاحت کرکے ان کا باہمی فرق بیان کیا گیا ہے۔ پھر کتاب بوطیقا کے مباحث و مضامین پر ایک نظر ڈالی گئی ہے۔ آخر میں بوطیقا میں جو اشارات و تلمیحات آئے تھے ان کو حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کرکے ان کی تشریح کردی گئی ہے۔ متن کتاب کے حاشیہ پر ناظرین کی سہولت فہم کے لئے ہر بحث اور نکتہ کا عنوان بھی مترجم نے خود ہی لکھدیا ہے۔ تنقید ادب کا علمی ذوق رکھنے والوں کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔

فن تقریر مرتبہ ادارۂ ادبیات اردو حیدر آباد دکن تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات۔ کتابت وطباعت اور کاغذ متوسط قیمت ۸ر

اس مختصری کتاب میں یہ بتایا گیا ہے کہ قدیم زمانہ کی قوموں میں فن تقریر کی عظمت اور اس کی اہمیت کیا تھی، مقرر بننے کیلئے کن کن ذاتی اوصاف کی ضرورت ہے۔ اچھے مقرر کو کن کن باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے تقریر کا اسلوب بیان کیا ہونا چاہئے اور یہ کہ مختلف مواقع پر مقرر کو کن اصول کے ماتحت مختلف حرکات کرنی چاہئے مطالب کتاب کو سمجھانے کے لئے متعدد قلمی تصاویر بھی شامل ہیں۔ کتاب طلبہ کے لئے خصوصاً اور عام ناظرین کے لئے عموماً مفید ہوگی۔

تمدنِ اسلام کی کہانی اسی کی زبانی تقطیع متوسط ضخامت ۳۵ صفحات کتابت وطباعت عمدہ قیمت ۴ر
پتہ :۔ معتمد نشر و اشاعت انجمن اسلامی تاریخ و تمدن مسلم یونیورسٹی علیگڈھ۔

یہ وہ مقالہ ہے جو مولانا عبد الماجد صاحب دریابادی نے ۲۹ اکتوبر ۱۹۴۱ء کو انجمن کے زیر اہتمام اسلامی ہفتہ کے چوتھے جلسہ میں پڑھکر سنایا تھا۔ اس میں ایک خاص انداز میں خود تمدن اسلام کی زبانی یہ بتایا گیا ہے کہ اس تمدن کا آغاز کب اور کس طرح ہوا؟ کن کن حریفوں سے اس کی نبرد آزمائی ہوئی؟ اس تمدن کی خصوصیات کیا

© rasailojaraid.com